VOL 6 - ISSUE 57 APRIL 2014

Rs. 120

MASALA
TV FOOD MAG
RECIPES IN ENGLISH & URDU

مصالحہ کے شیفس کے کھانوں کی مزیدار تراکیب، دلچسپ مضامین، ٹپس اور ٹوٹکوں کا مجموعہ

BAKE PARLOR

مزے دار Menu ... شاندار 120 انعامات۔

Chinese Parlor
- ہاٹ اینڈ ساور نوڈلز
- چکن چلی اسپیگھٹی
- چکن چاؤمن اسپیگھٹی
- چکن منچورین

Desi Parlor
- بالٹی میکرونی
- بریانی میکرونی
- اچاری میکرونی
- جلفریزی میکرونی

American Parlor
- سیون اسپائس میکرونی
- میٹ بال اسپیگھٹی
- کیجن اسپیگھٹی
- فجیتا اسپیگھٹی

Snack Parlor
- سموسہ میکرونی
- چاٹ میکرونی
- افغانی آش میکرونی
- کباب میکرونی

Russian Parlor
- شاشلک میکرونی

Italian Parlor
- لزانیہ

BBQ Parlor
- تکہ میکرونی
- باربی کیو میکرونی

اشتہار میں دیئے گئے بیک پارلر 1 in 2 ریسپی مکسز میں سے اپنی من چاہی ریسپی پکا کر نہ صرف ان کے بہترین ذائقوں سے لطف اندوز ہوں بلکہ قرعہ اندازی کے ذریعے انعام کے حقدار بھی کہلائیں۔

میگا گولڈ پرائز لکی ڈرا میں شامل ہونے کے لئے 12 اپریل تک اپنی انٹریز بھیجیں۔

Contest میں حصہ لینے کا طریقہ:

۱۔ استعمال شدہ بیک پارلر 1 in 2 ریسپی مکس کا خالی پیکٹ اپنے شناختی کارڈ کی کاپی اور مکمل پتے کے ساتھ پوسٹ بکس نمبر 8305 کورنگی، کراچی پر روانہ فرمائیں اور لکی ڈرا میں شامل ہو جائیں۔

۲۔ آپ بیک پارلر فیس بک پیج اور consumers@bakeparlor.com پر E-mail کر کے بھی لکی ڈرا میں شامل ہو سکتے ہیں۔

ہر ایک پیکٹ کو ایک انٹری گنا جائیگا۔۔۔۔۔۔ یعنی

جتنی زیادہ انٹریز اتنے ہی زیادہ جیتنے کے مواقع۔

چوتھی قرعہ اندازی میں انعامات جیتنے والے خوش نصیب

Dawlance Microwave Oven 115
- ہما عمر (لاہور)

Westpoint Fryer
- ارم فرحان (لاہور)
- ایم خالد قریشی (کراچی)
- شکیلہ یوسفی (کراچی)

Q Mobile E-70
- ایم سلیم خان (کراچی)
- رمشا عدیل (کراچی)
- سیماب بدر (کراچی)
- عروج سعادت (کراچی)

Gift Hamper
- اسماء ولی الدین (کراچی)
- افتخار احمد (کراچی)
- ایم فرحان (حیدرآباد)
- ایم شبیر (کراچی)
- نواز علی (حیدرآباد)
- نور جہاں (میرپورخاص)
- پروین عطا (کراچی)
- رابعہ مجاہد (ساہیوال)
- صوفیہ بیگم (فیصل آباد)
- وسیم فیروز (میرپورخاص)
- یاسمین احمد (کراچی)

میگا گولڈ پرائز جیتنے کے لئے بیک پارلر 1 in 2 کی ہی ریسپی مکس سے کوئی بھی نئی پاستا ڈش بنائیں اور اس کی ریسپی لکھ کر خالی پیکٹ کے ہمراہ ہمیں روانہ کر دیں۔ اور شامل ہو جائیں لکی ڈرا میں۔۔۔

میگا گولڈ پرائز لکی ڈرا کی تاریخ 15 April 2014 ہے۔

شرائط وضوابط

۱۔ اس اسکیم کے سلسلے میں کمپنی کا فیصلہ حتمی اور ناقابل چیلنج ہوگا۔ ۲۔ کمپنی یہ اسکیم کسی بھی وقت وجہ بتائے بغیر تبدیل یا منسوخ کر سکتی ہے۔
۳۔ انعامات کے رنگ اور ساخت تصویر میں دکھائے گئے انعامات سے مختلف ہو سکتے ہیں۔
۴۔ کمپنی سے وابستہ افراد، ڈیلرز اور ایڈورٹائزنگ ایجنسی کے افراد اس اسکیم میں شرکت کے اہل نہیں۔
۵۔ نامکمل پتے، فون نمبر اور شناختی کارڈ کے بغیر انٹری منسوخ کر دی جائے گی اور لکی ڈرا میں شامل نہیں کی جائے گی۔

rg-blue

CONTENTS

MASALA
TV FOOD MAG

HUM مصالحہ
Volume 6 - Issue 57 April 2014

Editorial

محترم قارئین

السلام وعلیکم!

ہر سال 7 اپریل کو دنیا بھر میں صحت کا عالمی دن منایا جاتا ہے۔" اقوام متحدہ کے ادارے ورلڈ ہیلتھ آرگنائزیشن کے قیام کے بعد 7 اپریل 1948 کو صحت کا پہلا عالمی دن منایا گیا تھا۔ رواں برس کے لئے عالمی ادارہ صحت (WHO) نے عالمی یوم صحت کے لئے ویکٹر سے پیدا ہونے والی بیماریاں (vector-borne diseases) کا موضوع تجویز کیا ہے۔

یک خلوی جسم کے جرثومے ویکٹر گندے پانی اور صفائی سے محروم انسانی آبادیوں میں ایک سے دوسرے انسان میں لگنے والی بیماریاں پیدا کرنے کا سبب بنتا ہے۔ ان بیماریوں میں ایک ملیریا ہے جس نے صرف 2010ء میں دنیا کے 660000 افراد کی جان لے لی۔ اس جراثیم کے ذریعے ایک سال میں 30 فیصد تیزی سے بڑھنے والی بیماری ڈینگی ہے۔ دنیا بھر میں ڈینگی بخار سے سالانہ 50 ملین افراد متاثر ہوتے ہیں جب کہ ڈھائی بلین افراد کی زندگیوں کو ڈینگی بخار سے شدید خطرات لاحق ہیں۔ اس بیماری نے اس وقت پاکستان کو اپنے شکنجے میں جکڑا ہوا ہے۔ سال گزشتہ میں ڈینگی کے کیسوں میں 400 فیصد سے زائد اضافہ ہوا' 2013 میں ڈینگی وائرس نے کراچی سمیت سندھ میں 6 ہزار کے قریب لوگوں کو متاثر کیا اور 32 افراد ڈینگی سے لڑائی میں جان کی بازی ہار گئے۔

طبی ماہرین کا کہنا ہے کہ موسم گرما میں درجہ حرارت زیادہ ہونے سے ڈینگی کے مرض میں بھی خاطر خواہ اضافہ ہوسکتا ہے۔ ماضی کے ناکام تجربات اور حالیہ پریشان کن صورتحال سے ترجیحی بنیادوں پر نمٹنے کی اشد ضرورت ہے۔ ڈینگی سے بچاؤ کے لئے اپنے طور پر بھی حفاظتی تدابیر اختیار کریں۔ ڈینگی کا مچھر صاف پانی میں افزائش پاتا ہے اور عموماً صبح اور شام کے اوقات میں انسان پر حملہ آور ہوتا ہے۔ ماہرین کے مطابق گھروں میں صاف پانی ذخیرہ کرنے والے برتنوں اور ٹینکیوں کو ڈھانک کر رکھیں' گملوں یا کیاریوں میں پانی کھڑا نہ ہونے دیں۔ مچھروں کو دور رکھنے کی حتی الامکان تراکیب اختیار کریں۔ گھر کی مختلف جگہوں پر کافور رکھیں۔ اسے تیل یا کریم میں ملا کر جسم کے کھلے حصوں پر لگائیں تا کہ مچھر قریب نہ آئیں۔ اس کے علاوہ ڈینگی مچھروں سے بچاؤ کے لئے لیمن گراس کو گھروں میں رکھا جائے۔ یہ پودا سنگاپور سمیت دیگر ممالک میں ڈینگی وائرس سے بچاؤ کے طور پر موثر ثابت ہو چکا ہے۔ ڈینگی فیور سے متاثرہ افراد کے لئے حیاتین ب اور ج پر مشتمل خوراک' چاول' مونگ کی دال' کھچڑی' شلغم' چقندر' گاجر' بند گوبھی' انگور' انار' سنگترے' سرکہ اور موسمی مفید ہیں۔

شہناز رمزی

چیف ایڈیٹر۔ سلطانہ صدیقی' ایڈیٹر۔ شہناز رمزی' جائنٹ ایڈیٹر۔ شازیہ انوار' اسسٹنٹ ایڈیٹر۔ فضا فرقان
سینئر ویژولائزر۔ سید نبیل احمد' ڈیزائنر۔ یوسف رضوی' عکاسی۔ حارث عثمانی' احسن قریشی' ایڈورٹائزنگ منیجر۔ منور حسین بھٹی munawar.h@masalatv.tv - فون: 03333222353
ڈسٹری بیوٹر۔ رہبر نیوز ایجنسی 0333 216 8390 پرنٹر۔ یونی پرنٹ
ہم نیٹ ورک لمیٹڈ
10/11 جسن علی اسٹریٹ، بالمقابل آئی آئی چندریگر روڈ کراچی۔ 74000 پاکستان یو۔اے۔این: 111-486-111 (کراچی) فیکس: 92-21-32628640
مزید معلومات کے لئے: shanaz.ramzi@hum.tv آن لائن خریداری کے لئے: http://www.masala.tv/masalamag/

شہر شہر کی خبریں

ملک بھر میں ہونے والی نمایاں تقریبات کی خبروں اور تصاویر پر مبنی سلسلہ

چھٹے لیڈیز فنڈز ویمن ایوارڈز کا انعقاد

داؤد گلوبل فاؤنڈیشن کی جانب سے چھٹے ''لیڈیز فنڈ ویمن ایوارڈ 2014ء'' کی رنگا رنگ تقریب کا انعقاد موہٹہ پیلس میوزیم کلفٹن کراچی میں کیا گیا جس میں اپنے اپنے شعبوں میں کامیاب 400 سے زائد خواتین نے شرکت کی۔ لیڈیز فنڈز کا قیام 2007ء میں عمل میں آیا جس کا مقصد خواتین کو مالی تحفظ دینا اور کاروباری خواتین کو تربیت اور ترقی کے مواقع فراہم کرنا ہے۔ لیڈیز فنڈز کی ایڈوائزری کونسل میں امیر عدنان، بہرام آواری، ڈاکٹر عشرت حسین، خالد مرزا، نسرین جلیل، شفقت سلطانہ، سعد خان، سلطانہ صدیقی اور سید علی رضا شامل ہیں۔ تقریب کی مہمان خصوصی صوبائی وزیر برائے ترقی نسواں روبینہ قائم خانی تھیں۔ اس سال پولیو مہم میں جان قربان کرنے والی پولیو رضا کار انیتا ظفر اور اکبری رحمٰن بعد از مرگ ایوارڈ پروین رحمٰن اور زہرہ شاہد حسین کے علاوہ وینا رحمٰن، شمسہ ہاشوانی، نادیہ الٰہی، ڈاکٹر روفینہ سومرو، ڈاکٹر شائستہ خان، ڈاکٹر تسنیم احسن، سیما نصرت، رانیہ درانی، سنبل خان اور صنم سعید کو ان کے شعبوں میں اعزازی پذیرائی کے ایوارڈز کے لئے منتخب کیا گیا۔ تقریب کے شرکاء کی ضیافت کے لئے چائے کا اہتمام کیا گیا۔

نانوز سلون کا کراچی میں افتتاح

گزشتہ دنوں کراچی کے مصروف ترین علاقے کلفٹن میں نانوز سلون کا شاندار افتتاح عمل میں آیا۔ اس تقریب میں شہر کی مشہور ماڈلز، سماجی شخصیات سمیت کثیر تعداد میں لوگ شریک ہوئے۔ اس موقع پر فن آرائش حسن کا ایک انتہائی دلچسپ مظاہرہ پیش کیا گیا۔ شرکاء کی تواضع پُرتکلف مشروبات سے کی گئی۔

آلویز کی جانب سے تقریب کا اہتمام

آلویز نے ''کرو یقین'' کے عنوان سے اپنے پروگرام کا ایک بار پھر سے آغاز کر دیا ہے جس کا مقصد نوجوان پاکستانی خواتین کو خود پر یقین کرنے اور اپنے خوابوں اور ارادوں کی پیروی کرنے کے لئے کام کرنا ہے۔ ان احساسات کو واضح کرنے کے لئے آلویز نے اسٹار ہنٹ کا آغاز کیا' جس کی بدولت ایک باصلاحیت پاکستانی خاتون ڈیزائنر کو اپنے خوابوں کی تکمیل کے لئے صف اوّل کے فیشن ہاؤس بونیزا (ست رنگی) کے ساتھ کام کرنے کا نادر موقع فراہم کرتے ہوئے گزشتہ دنوں پورٹ گرینڈ میں ایک شاندار تقریب کا اہتمام کیا جس میں معززین شہر کی بڑی تعداد شریک ہوئی اور اُن کی کاوش کو سراہا۔ شرکاء کے لئے پُرتکلف چائے کا اہتمام کیا گیا۔

فرانسیسی ثقافتی مرکز کی جانب سے ہفتے کا انعقاد

کراچی میں واقع فرانسیسی ثقافتی مرکز کی جانب سے فرنکوفونی (**francophonie**) ہفتہ منایا گیا جس میں غیر ملکی وفود سمیت ملک کی مقتدر شخصیات نے بھرپُور شرکت کی اور شرکاء کو فرانس کے ثقافتی پروگرام دیکھنے کا موقع میسر آیا۔ اس دوران جیولیٹ دی میسی (سپارنو) اور سموئیل بور (پیانسٹ) کے پیانو کانسرٹ کا انعقاد عمل میں آیا۔ اس فرانسیسی کلاسیکل شو نے ایک گھنٹے تک دیکھنے والوں کو اپنے سحر میں جکڑے رکھا۔

آکسفورڈ یونیورسٹی پریس کی جانب سے تقریب کا اہتمام

آکسفورڈ یونیورسٹی پریس کی جانب سے گزشتہ دنوں ایک تقریب کا اہتمام کیا جس کا مقصد مقامی کھانوں کے تنوع اور اُن کی اہمیت کے حوالے سے آگاہی تھا۔ تقریب میں صحافیوں سمیت بڑی تعداد میں لوگوں نے شرکت کی۔ اس موقع پر ''فوڈ پرنٹس'' کی مصنف شہناز رمزی نے حاضرین کو مختلف پاکستانی کھانوں کی تاریخ اور اُن کی جزیات سے آگاہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں پاکستانی کھانوں کی فروغ کے لئے کام کرنا چاہئے کیوں کہ یہ وہ واحد چیز ہیں جس کے ذریعے ہم پوری قوم کو یکجا رکھ سکتے ہیں۔ آج پشاور کے کھانے سندھ میں جب کہ بلوچستان کے کھانے لاہور میں اپنے ذائقے کے حساب سے تبدیلیاں کر کے نہایت شوق سے کھائے جاتے ہیں۔ انہوں نے اس موقع پر حاضرین کے سوالوں کے اطمینان بخش جواب دیئے' حاضرین کے لئے چائے کا اہتمام کیا گیا۔

سائنس اور صحت

جدید سائنسی تحقیقات کے نتیجے میں سامنے آنے والی رپورٹ اور خبروں پر مشتمل سلسلہ

لہسن کھائیں، نزلہ اور زکام سے محفوظ رہیں

کھانے پکانے، اچار اور چٹنیوں میں لہسن کا استعمال معمول کی بات ہے جب کہ لہسن کے طبی فوائد بھی مستند ہیں۔ ماہرین کہتے ہیں کہ لہسن کا استعمال قوت مدافعت بڑھانے میں معاون ہوتا ہے اور یہ جسم کو مختلف قسم کی سوزش سے بچانے میں بھی اہم ہے۔ امریکا میں کی گئی تحقیق کے مطابق لہسن نزلہ زکام سے بچاؤ میں مفید ہے۔ ماہرین کے مطابق لہسن میں موجود قیمتی اجزاء سے جسم میں قوت مدافعت بڑھتی ہے لہسن مختلف وبائی امراض سے بچاؤ میں بھی معاون ہے اور روزمرہ خوراک میں لہسن کا استعمال سرطان سے بچاؤ میں بھی اہم کردار کرتا ہے۔

رہیے بڑھاپے میں بھی صحت مند

ہر انسان کی خواہش ہوتی ہے کہ وہ بڑھاپے میں بھی متحرک اور چاق و چوبند رہے۔ اگر مچھلی کو اپنی خوراک کا حصہ بنالیا جائے تو اس خواہش کی تکمیل بہت زیادہ مشکل نہیں رہے گی۔ جاپانی نیشنل انسٹیٹیوٹ آف ہیلتھ کے ماہرین نے ایک طبی تحقیق میں یہ انکشاف کیا ہے کہ مچھلی کو اپنی خوراک میں شامل کرنے سے بڑھاپے میں لاحق ہونے والی 39 فیصد ذہنی یا جسمانی بیماریوں سے محفوظ رہا جاسکتا ہے۔ تحقیق کے مطابق مچھلی کے حیواناتی لحمیات اور اومیگا تھری فیٹی ایسڈ پٹھوں کو کمزوری سے بچا کر انہیں مضبوط بناتے ہیں۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ مچھلی کا استعمال دماغی انتشار سے بچانے کے ساتھ جوڑوں کے درد سے بچانے میں بھی معاون ثابت ہوتا ہے۔

دل کی بیماری سے محفوظ رہیں

جیسے جیسے وقت آگے کی جانب بڑھ رہا ہے ویسے ویسے نت نئی بیماریاں سامنے آرہی ہیں، ان بیماریوں نے دل کو بہت زیادہ متاثر کیا ہے اور طبی ماہرین دل کو محفوظ رکھنے کے لئے دن رات جدید تحقیقات کے عمل سے گزر رہے ہیں۔ ماہرین نے ایک حالیہ تحقیق میں انکشاف کیا ہے کہ ٹماٹروں کی تازہ چٹنی امراض قلب کا خطرہ کم کرنے میں مددگار ثابت ہوسکتی ہے۔ اٹلی کی ویرونا یونیورسٹی کی تحقیق کے مطابق روزانہ کی بنیاد پر 80 گرام ٹماٹر کی چٹنی یا ٹماٹر کے ساس کا استعمال خون کی رگوں پر زیادہ چربی والی غذا کے مضر اثرات کو روک کر خون کی روانی کو بہتر کرتا ہے۔ تحقیق میں بتایا گیا ہے کہ ٹماٹر کو سرخ رنگ دینے والا عنصر لائیکوپین نہ صرف امراض قلب کی روک تھام میں معاون ہے بلکہ متعدد طبی فوائد کا سبب بھی بنتا ہے۔ تحقیق کے دوران 20 افراد میں سے نصف کو زیادہ چربی والی غذاؤں کے ساتھ یہ چٹنی استعمال کرائی گئی، جب کہ دیگر کو صرف عام کھانا ہی دیا گیا۔ جس سے معلوم ہوا کہ خون کی رگوں سے پیدا ہونے والی امراض قلب کی روک تھام میں ٹماٹر کافی مددگار ثابت ہوتے ہیں۔ ■

فیوژن کھانے شوق سے پکاتی ہوں' فائزہ رحمٰن

ماسٹر شیف آسٹریلیا سیزن فائیو کی فائزہ رحمٰن سے کراچی آمد کے موقع پر خصوصی بات چیت

انٹرویو: شازیہ انوار

''میں چاہتی ہوں کہ اپنے وطن کی خاطر کچھ کروں کیوں کہ میرا وطن میری شناخت ہے اور آسٹریلیا میں پرورش پانے کے باوجود اس مٹی سے میرا تعلق نہایت مضبوط ہے۔'' یہ فائزہ رحمٰن کے خیالات ہیں' جو ماسٹر شیف آسٹریلیا سیزن 5 میں 16000 درخواست گزاروں کو مات دے کر ماسٹر شیف آسٹریلیا سیریز 5 کے ٹاپ 22 میں شامل ہوئیں۔

فائزہ 10 اکتوبر 1988ء کو کراچی میں پیدا ہوئیں' جب کہ 1997ء میں ان کے خاندان نے کراچی سے آسٹریلیا میلبورن ہجرت کرلی۔ کھانا پکانے کے شوق کے ہاتھوں مجبور ہو کر انہوں نے 2013ء میں ماسٹر شیف آسٹریلیا کے لئے درخواست بھیجی' آڈیشن دیا اور کامیابی حاصل کی۔ اپنے ہنر کے جوہر دکھاتے ہوئے وہ 15 نمبر تک آئیں اور پھر انہیں پروگرام چھوڑنا پڑا۔

گزشتہ دنوں فائزہ رحمٰن کے کراچی آمد پر ''مصالحہ'' نے انہیں اپنے پروگرام ''مصالحہ مارننگز'' میں مدعو کیا۔ اس موقع سے فائدہ اُٹھاتے ہوئے مصالحہ ٹی وی فوڈ میگ نے فائزہ کے ساتھ چند لمحے گزارے۔ اس دوران ہونے والی گفتگو نذر قارئین ہے۔

مصالحہ ٹی وی فوڈ میگ: کس سے متاثر ہو کر آپ کھانا پکانے کی جانب آئیں؟
فائزہ رحمٰن: اپنی والدہ سے۔ میرے نزدیک ان سے بہترین کھانا کوئی نہیں پکا سکتا۔

مصالحہ ٹی وی فوڈ میگ: کس طرح کے کھانے پکا کر مزہ آتا ہے؟
فائزہ رحمٰن: میں نے بیکنگ سے کھانا پکانے کا آغاز کیا لیکن جب میں بناتی ہوں تو خود کھا کر موٹی ہو جاتی ہوں اس لئے میں نے اپنے کھانے پکانے کے انداز کو تبدیل کیا۔ مجھے پاکستانی ذائقے اور مغربی تکنیک بہت پسند ہیں اس لئے اب میرے زیادہ تر کھانے فیوژن ہوتے ہیں۔ میرے والد کو دیسی کھانے پسند ہیں اس لئے میں دیسی کھانے بھی پکاتی ہوں جب کہ مجھے گریک کھانے نہ صرف پکانا بلکہ کھانا بھی پسند ہے اس لئے انہیں بھی شوق سے پکاتی ہوں۔

مصالحہ ٹی وی فوڈ میگ: کیا آپ کوکنگ کے حوالے سے کورسز کی ضرورت محسوس کرتی ہیں؟
فائزہ رحمٰن: نہیں۔ میں سمجھتی ہوں کہ جب آپ کسی سطح پر آ کر کام کرنے لگتے ہیں تو پھر سیکھنا کوئی معنی نہیں رکھتا۔ ویسے ماسٹر شیف کے بعد میں نے ایک انڈین فائن ڈائننگ ریسٹورنٹ ''تو تکا'' میں کام کا تجربہ کیا، جس سے میرے کام کی رفتار تیز ہوئی۔ میں مختلف شیفس سے مسلسل رابطے میں رہتی ہوں اور ہر ایک سے مجھے کچھ نہ کچھ سیکھنے کا موقع ملتا ہے۔

مصالحہ ٹی وی فوڈ میگ: ماسٹر شیف میں آڈیشن کے وقت کون سی ڈش بنائی؟
فائزہ رحمٰن: میرا دعویٰ ہے کہ مجھ سے اچھا بینگن کا بھرتہ کوئی نہیں بنا سکتا۔ جب میں ماسٹر شیف کے آڈیشن کے لئے پہنچی اور مجھ سے میری ڈش کی بابت پوچھا گیا تو میں نے جھٹ سے بینگن کے بھرتے کا کہہ دیا، پھر مجھے خیال آیا کہ لوگ نجانے کیا کچھ بنا رہے ہیں جب کہ میں صرف بینگن کا بھرتہ بناؤں گی۔ اس خیال نے مجھے کافی دیر تک پریشان کیا لیکن پھر میں نے کچھ اس اعتماد سے اپنی ڈش کو پکایا کہ اس ڈش نے مجھے ماسٹر شیف آسٹریلیا کا حصہ بنا دیا۔

مصالحہ ٹی وی فوڈ میگ: ماسٹر شیف کا تجربہ کیسا رہا اور جب آپ کو مسترد کیا گیا، اس وقت آپ کے کیا احساسات تھے؟
فائزہ رحمٰن: ایک جگہ پر 21 ایسے لوگوں کے ساتھ مقید رہنا جنہیں کھانا پکانے سے عشق تھا، میرے لئے ایسا ناقابل فراموش تجربہ رہا جس نے میری زندگی بدل دی اور اللہ کے کرم سے ایک عام سی لڑکی دنیا بھر میں مقبول ہوگئی۔ یہ یقیناً میرے خوابوں کا سفر تھا۔ میں نے اٹالین میٹ بالز ود ٹماٹو ساس (Italian meatballs with tomato sauce) بنائی لیکن میری بنائی ہوئی ڈش ججوں کے معیار پر پورا نہیں اُتر سکی۔ مجھے کوکنگ کے دوران بھی اس بات کا احساس ہو رہا تھا کہ شاید میں اپنا بھرپور نہیں دے پا رہی، بعد میں وہ قسط دیکھ کر مجھے اپنی غلطیوں کا اندازہ بھی ہو گیا، بہرکیف میں نے اپنے گھر والوں سے کہہ دیا ہے کہ مجھ سے کبھی بھی میٹ بالز بنانے کے لئے نہ کہیں۔ مسترد کیا جانا میرے لئے انتہائی تکلیف دہ تھا اور مجھے اُس وقت بہت بُرا لگا لیکن الحمد اللہ مجھے وہ شہرت نصیب ہوئی جو جیتنے والوں کو بھی نہیں حاصل ہوئی، انشاء اللہ میں اس نعمت کی حفاظت کروں گی۔

مصالحہ ٹی وی فوڈ میگ: کھانا پکانے کے علاوہ دیگر کیا مصروفیات ہیں؟
فائزہ رحمٰن: میں نے حال ہی میں اپنا ایل ایل بی کا امتحان پاس کیا ہے۔ میں 14 سال کی عمر سے بچوں کی فلاح و بہبود کے حوالے سے فعال ہوں اور اس حوالے سے میں مستقل بنیادوں پر کام کرتی رہتی ہوں۔ میرا ماننا ہے کہ ہر انسان کو دوسروں کی فلاح کے لئے کام کرنا چاہئے۔ اگر دنیا سے جانے سے پہلے میں کسی ایک انسان کی بھی زندگی بدل سکوں تو یہ میرے لئے بہت بڑی بات ہوگی اور یہی میرا خواب بھی ہے۔ اس کے علاوہ میں کھانا پکانے کے حوالے سے لکھتی ہوں، جس میں ریسٹورنٹ ریویوز اور کھانوں کے ذائقے اور لذت کے موضوعات شامل ہیں۔ میں نے اپنا یوٹیوب چینل شروع کیا ہے جبکہ اپنی وڈیو ڈائری کے ذریعے لوگوں تک اپنے تجربات پہنچاتی ہوں۔ میں جہاں جاتی ہوں اس ملک کے کھانوں کا تجربہ ضرور کرتی ہوں۔

مصالحہ ٹی وی فوڈ میگ: مصالحہ کا حصہ بن کر کیسا لگا اور کون سا پاکستانی شیف پسند آیا؟
فائزہ رحمٰن: ''مصالحہ'' کا حصہ بن کر مجھے بہت خوشی ہوئی، بالکل ایسے ہی جیسے چھوٹے بچوں کی کوئی خواہش اچانک پوری ہو جائے۔ مصالحہ ایک فیملی کی طرح ہے اور اب میں بھی اس فیملی کا حصہ بن چکی ہوں۔ میں پاکستان میں ذاکر حسین اور شیریں انور سے بہت متاثر ہوں، بالخصوص شیریں انور کو میں بہت پسند کرتی ہوں کیوں کہ انہیں کھانوں کی بنیادی چیزوں کی سمجھ ہے۔

مصالحہ ٹی وی فوڈ میگ: ہمارا رسالہ کبھی آپ کی نظر سے گزرا؟
فائزہ رحمٰن: جی ہاں اور میں سمجھتی ہوں کہ ''مصالحہ ٹی وی فوڈ میگ'' ایک بھرپور رسالہ ہے۔ میں لوگوں کو مشورہ دینا چاہتی ہوں کہ وہ اسے ضرور پڑھیں کیوں کہ اس سے نہ صرف مزے مزے کے کھانوں کی مستند تراکیب ملتی ہیں بلکہ لوگ مفید مضامین بھی مستفید ہو سکتے ہیں۔

مصالحہ ٹی وی فوڈ میگ: مستقبل کے کیا ارادے ہیں؟
فائزہ رحمٰن: میرا ماننا ہے کہ میں اچھی وکیل بن سکتی ہوں، اچھی کُک بھی بن سکتی ہوں اور بچوں کی بہبود کے لئے بھی کام کر سکتی ہوں۔ میں آنے والے دنوں میں اپنے ہنر اور تعلیم کو بروئے کار لاتے ہوئے کھانے پکانے کے شعبے میں اور اپنے جیسے انسانوں کے لئے کوئی کارنامہ سرانجام دینا چاہتی ہوں۔ ■

Bengaladeshi Lentil

Ingredients:

Gram lentils (boiled)	250 grams
Turmeric powder	1 tsp
Fresh milk	250 grams
Fresh coconut (grated)	200 grams
Red chilli powder	1 tsp
Fennel seeds	½ tsp
Cumin seeds	1 tsp
Mustard seeds	½ tsp
Fenugreek seeds	½ tsp
Onion seeds	½ tsp
Raisins	100 grams
Bay leaves	2
Dried raw mango	1 tsp
Tamarind pulp	¼ cup
Fresh coriander (chopped)	¼ bunch
Dried, round red chillies	6
Water	2 cups
Salt	to taste
Oil	¼ cup

Method:

Blend milk and coconut in a blender.
Heat in a pot; add lentils, turmeric, red chillies, bay leaves, water and salt and cook for 15 minutes on low flame.
Lightly mash and add tamarind pulp.
Heat oil in a frying pan and fry red chillies, fennel seeds, cumin, mustard seeds, fenugreek seeds, onion seeds and raisin to make tempering. Pour over lentils.
Sprinkle dried raw mango and coriander on lentils and serve.

بنگلہ دیشی دال

اجزاء:

چنے کی دال (اُبلی ہوئی)	250 گرام
پسی ہوئی ہلدی	ایک چائے کا چمچ
تازہ دودھ	250 گرام
تازہ ناریل (کدوکش)	200 گرام
پسی ہوئی لال مرچ	ایک چائے کا چمچ
سونف	½ چائے کا چمچ
ثابت سفید زیرہ	ایک چائے کا چمچ
رائی دانے	½ چائے کا چمچ
میتھی دانے	½ چائے کا چمچ
کلونجی	½ چائے کا چمچ
کشمش	100 گرام
تیج پتے	2 عدد
امچور	ایک چائے کا چمچ
املی کا گودا	¼ پیالی
ہرا دھنیا (چوپ کیا ہوا)	¼ گڈی
سوکھی گول لال مرچیں	6 عدد
پانی	2 پیالی
نمک	حسب ذائقہ
تیل	¼ پیالی

ترکیب:

بلینڈر میں دودھ اور ناریل کو یکجان کرلیں۔ اسے دیگچی میں ڈالیں، اس میں دال، ہلدی، لال مرچ، تیج پتے، پانی اور نمک ملا کر ہلکی آنچ پر 15 منٹ تک پکائیں، پھر ہلکا سا گھوٹ کر املی شامل کردیں۔ فرائنگ پین میں تیل گرم کرکے لال مرچیں، سونف، زیرہ، رائی، میتھی دانے، کلونجی اور کشمش کا تڑکا بنا کر دال میں شامل کردیں۔ مزیدار دال امچور اور ہرا دھنیا چھڑک کر پیش کریں۔

Margarita Chicken

Ingredients:

Chicken breasts	2
Black pepper powder	1 tsp
White pepper powder	1 tsp
Red chillies (crushed)	1 tbsp
Cinnamon powder	½ tsp
Ginger/garlic paste	2 tbsp
Refined flour (sieved)	1 cup
Egg	1
Tomato paste	2 tbsp
Lemon juice	2 tbsp
Mozzarella cheese (grated)	200 gram
Salt	to taste
Oil	3 tbsp
Tomatoes, lettuce	for decoration

Method:

- Cut chicken breasts into halves and marinate with lemon juice, ginger/garlic, ½ black pepper, ½ white pepper, ½ cinnamon, ½ red chillies, tomato paste, oil and salt and keep aside for a little while.
- Coat chicken with flour. Place on an oven tray; bake in a pre-heated oven at 200°C for 15 minutes; remove.
- Mix egg with remaining red chillies, black pepper, white pepper and cinnamon, and salt; coat chicken with it. Place in oven tray; pour remaining batter and sprinkle cheese on them. Bake in a pre-heated oven at 180°C for 10 minutes; remove.
- Decorate dish with tomato and lettuce and place Margarita Chicken on top; serve.

مارگریٹا چکن

اجزاء:

مرغی کے سینے	2 عدد
پسی ہوئی کالی مرچ	ایک چائے کا چمچہ
پسی ہوئی سفید مرچ	ایک چائے کا چمچہ
کُٹی ہوئی لال مرچ	ایک کھانے کا چمچہ
پسی ہوئی دارچینی	½ چائے کا چمچہ
پسا ہوا لہسن ادرک	2 کھانے کے چمچے
میدہ (چھنا ہوا)	ایک پیالی
انڈہ	ایک عدد
ٹماٹر کا پیسٹ	2 کھانے کے چمچے
لیموں کا رس	2 کھانے کے چمچے
موزریلا پنیر (کدوکش)	200 گرام
نمک	حسب ذائقہ
تیل	3 کھانے کے چمچے
ٹماٹر، سلاد پتے	سجانے کے لئے

ترکیب:

مرغی کے سینوں کے مزید 2 حصے کاٹ لیں۔ اُن پر لیموں کا رس، لہسن ادرک، ½ کالی مرچ، ½ سفید مرچ، ½ دارچینی، ½ لال مرچ، ٹماٹر کا پیسٹ، تیل اور نمک ملا کر تھوڑی دیر کے لئے رکھ دیں۔ مرغی کے سینوں کو میدے میں لپیٹ کر اوون کی ٹرے میں رکھیں اور اسے پہلے سے گرم اوون میں 200°C پر 15 منٹ تک پکا کر نکال لیں۔ ایک پیالے میں انڈہ، باقی لال مرچ، باقی سفید مرچ، باقی کالی مرچ، باقی دارچینی اور نمک ملائیں۔ مرغی کے ٹکڑے اس میں لپیٹ کر اوون کی ٹرے میں رکھیں، اس پر بچا ہوا آمیزہ اور پنیر ڈال دیں۔ ٹرے کو پہلے سے گرم اوون میں 180°C پر 10 منٹ تک پکا کر نکال لیں۔ ڈش کو ٹماٹر اور سلاد پتوں سے سجائیں اور مارگریٹا چکن اس پر رکھ کر پیش کریں۔

Ribbed Gourd Bhujiya

Ingredients:

Ribbed gourd	½ Kg
Onions (finely cut)	2
Tomatoes (chopped)	3
Fresh coriander (chopped)	¼ bunch
Red chillies (crushed)	1 tbsp
Cumin seeds (crushed)	½ tbsp
Coriander seeds (crushed)	½ tbsp
Ginger/garlic paste	1 tbsp
Turmeric powder	1 tsp
Salt	to taste
Oil	4 tbsp

Method:

- Peel gourds and cut lengthwise into halves; remove seeds; cut into small pieces.
- Heat oil in a pot and fry onions and ginger/garlic; add gourds and remaining ingredients and fry till dry; dish out.

ٹرئی کی بھجیا

اجزاء:

ٹرئی	½ کلو
پیاز (باریک کٹی ہوئی)	2 عدد
ٹماٹر (چوپ کئے ہوئے)	3 عدد
ہرادھنیا (چوپ کیا ہوا)	¼ گڈی
کُٹی ہوئی لال مرچ	ایک کھانے کا چمچہ
کُٹا ہوا سفید زیرہ	½ کھانے کا چمچہ
کُٹا ہوا دھنیا	½ کھانے کا چمچہ
پسا ہوا لہسن ادرک	ایک کھانے کا چمچہ
پسی ہوئی ہلدی	ایک چائے کا چمچہ
نمک	حسب ذائقہ
تیل	4 کھانے کے چمچے

ترکیب:

ٹرئی کو چھیل کر درمیان سے لمبائی سے کاٹیں' اس کے بیج نکال دیں اور چھوٹے ٹکڑے کاٹ لیں۔ دیگچی میں تیل گرم کرکے پیاز اور لہسن ادرک بھونیں' اس میں ٹرئی اور باقی اجزاء ڈال کر پانی خشک ہونے تک بھون کر ڈش میں نکال لیں۔

Dhokri

Ingredients:

Semolina	125 grams
Yogurt (whipped)	250 grams
Turmeric powder	2 tsp
Green chillies (chopped)	8
Sweet soda	2 tsp
Curry leaves	few leaves
Cumin seeds	1 tsp
Mustard seeds	1 tsp
Round dried red chillies	6
Red chillies (crushed)	1 tsp
Fresh coriander (chopped)	1 tsp
Salt	to taste
Oil	¼ cup

Sauce ingredients

Tomato ketchup	6 tbsp
Chilli garlic sauce	6 tbsp
Mustard seeds	1 tsp
Ginger/garlic paste	½ tsp
Desiccated coconut	3 tbsp
Curry leaves	few leaves
Cumin seeds	½ tsp
Oil	2 tbsp

Method:

Whip yogurt with turmeric, green chillies, soda, semolina and salt.

Brush oil on a cake mould and pour batter in it; sprinkle crushed red chillies and coriander on it; cover with aluminum foil. Cook in a steamer for 25 minutes; remove and cut into pieces and place on a dish.

Heat oil in a frying pan and fry curry leaves, cumin, mustard seeds and whole red chillies. Pour over semolina pieces and place on a serving dish.

To make sauce, heat oil in a saucepan and fry ginger/garlic, mustard seeds, cumin and curry leaves; add ketchup, chilli garlic sauce and coconut. Serve with Dhokri.

ڈھوکری

اجزاء:

سوجی	125 گرام
دہی (پھینٹی ہوئی)	250 گرام
پسی ہوئی ہلدی	2 چائے کے چمچے
ہری مرچیں (چوپ کی ہوئی)	8 عدد
میٹھا سوڈا	2 چائے کے چمچے
کڑھی پتے	چند عدد
ثابت سفید زیرہ	ایک چائے کا چمچہ
رائی دانے	ایک چائے کا چمچہ
سوکھی گول لال مرچیں	6 عدد
کٹی ہوئی لال مرچ	ایک چائے کا چمچہ
ہرا دھنیا (چوپ کیا ہوا)	ایک چائے کا چمچہ
نمک	حسب ذائقہ
تیل	¼ پیالی

ساس کے اجزاء:

ٹماٹو کیچپ	6 کھانے کے چمچے
چلی گارلک ساس	6 کھانے کے چمچے
رائی دانے	ایک چائے کا چمچہ
پسا ہوا لہسن ادرک	½ چائے کا چمچہ
پسا ہوا ناریل	3 کھانے کے چمچے
کڑھی پتے	چند عدد
ثابت سفید زیرہ	½ چائے کا چمچہ
تیل	2 کھانے کے چمچے

ترکیب:

دہی میں ہلدی، ہری مرچیں، سوڈا، سوجی اور نمک ملا کر پھینٹیں۔ کیک کے سانچے کو چکنا کر کے آمیزہ ڈالیں، اس پر لال مرچ اور ہرا دھنیا چھڑک کر المونیم فوائل سے ڈھانک دیں۔ اسے اسٹیمر میں 25 منٹ تک پکائیں، پھر ٹکڑے کاٹ کر ڈش میں رکھ دیں۔ فرائنگ پین میں تیل گرم کریں اور کڑھی پتے، زیرہ، رائی دانے اور لال مرچیں تل کر سوجی کے ٹکڑوں پر ڈال دیں۔ ساس بنانے کے لئے ساس پین میں تیل گرم کریں، اس میں لہسن ادرک، رائی دانے، زیرہ اور کڑھی پتے تلیں، پھر کیچپ، چلی گارلک ساس اور ناریل ملا کر ڈھوکری کے ہمراہ پیش کریں۔

www.paksociety.com

Khoya Boti

ngredients:

hicken breasts (boneless)	2
/hole dried milk	125 grams
ogurt (whipped)	125 grams
inger/garlic paste	2 tbsp
arom seed (powdered)	¼ tsp
utmeg and maze powder	¼ tsp
ed chillies (crushed)	1 tbsp
urmeric powder	½ tsp
resh coriander (chopped)	¼ bunch
int leaves (chopped)	¼ bunch
reen chillies (large, thickly cut)	4
alt	to taste
il	3 tbsp

lethod:

ube chicken breasts.
eat oil in a wok and fry ginger/garlic and chicken till
olour changes.
ix carom seeds, nutmeg and maze, red chillies, turmeric
nd salt in yogurt; add to wok and fry till dry.
dd remaining ingredients and fry till oil separates; serve
ot.

کھویا بوٹی

اجزاء:

مرغی کے سینے (بغیر ہڈی)	2 عدد
کھویا	125 گرام
دہی (پھینٹی ہوئی)	125 گرام
پسا ہوا لہسن ادرک	2 کھانے کے چمچے
پسی ہوئی اجوائن	¼ چائے کا چمچہ
پسی ہوئی جائفل جاوتری	¼ چائے کا چمچہ
کُٹی ہوئی لال مرچ	ایک کھانے کا چمچہ
پسی ہوئی ہلدی	½ چائے کا چمچہ
ہرا دھنیا (چوپ کیا ہوا)	¼ گڈی
پودینہ (چوپ کیا ہوا)	¼ گڈی
موٹی ہری مرچیں (موٹی کٹی ہوئی)	4 عدد
نمک	حسب ذائقہ
تیل	3 کھانے کے چمچے

ترکیب:

مرغی کے سینوں کے چھوٹے چوکور ٹکڑے کاٹ لیں۔ کڑاہی میں تیل گرم کرکے لہسن ادرک اور مرغی کے ٹکڑے مرغی کا رنگ تبدیل ہونے تک پکالیں۔ دہی میں اجوائن، جائفل جاوتری، لال مرچ، ہلدی اور نمک ملا کر کڑاہی میں ڈالیں اور دہی کا پانی خشک ہونے تک بھونیں۔ اس میں باقی اجزاء ڈال کر تیل اُوپر آنے تک بھونیں اور گرما گرم پیش کریں۔

Happilac
PAINTS
کیونکہ خوشیوں کے رنگ دیواروں کے رنگ سے زیادہ قیمتی ہوتے ہیں
Happilac
Happilac
Happilac
Happilac
Happilac
COLORS OF HAPPINESS
www.happilacpaints.com
www.facebook.com/happilacpaints

Bread and Mince Kebabs

Ingredients:

Beef mince (finely ground)	1 kg
Egg	1
Bread	4 slices
Green chillies (finely cut)	6
Black peppercorns (crushed)	1 tsp
White vinegar	1 tbsp
Cornflour	2 tbsp
Soya sauce	2 tbsp
Salt	to taste
Oil	for frying

Method:

Cut off crusts of bread and crush bread.
Mix all ingredients except oil in a bowl.
Shape into small round kebabs.
Heat oil in a frying pan and fry kebabs golden from both side and remove.

ڈبل روٹی اور قیمے کے کباب

اجزاء:

گائے کا قیمہ (مشین میں پسا ہوا)	ایک کلو
انڈہ	ایک عدد
ڈبل روٹی	4 سلائس
ہری مرچیں (باریک کٹی ہوئی)	6 عدد
کُٹی ہوئی کالی مرچ	ایک چائے کا چمچ
سفید سرکہ	ایک کھانے کا چمچ
کارن فلور	2 کھانے کے چمچے
سویا ساس	2 کھانے کے چمچے
نمک	حسبِ ذائقہ
تیل	تلنے کے لئے

ترکیب:

ڈبل روٹی کے کنارے کاٹ کر روٹی کو چورہ کر لیں۔ ایک پیالے میں علاوہ تیل تمام اجزا ملا لیں۔ اس آمیزے کے چھوٹے چھوٹے گول کباب بنا لیں۔ فرائنگ پین میں تیل گرم کریں اور کباب دونوں جانب سے سنہری تل کر نکال لیں۔

Tamarind Chicken

Ingredients:

Chicken pieces (boneless)	½ kg
Lemon	1
Tomatoes (finely cut)	2
Green chillies (finely cut)	4
Dried, round red chillies	8
Fenugreek seeds	few seeds
Curry leaves	few leaves
Garlic (not peeled)	4 cloves
Fresh coriander (finely cut)	½ bunch
Tomato ketchup	½ cup
Tamarind pulp	½ cup
Black peppercorns crushed	1 tsp
Cumin seeds (roasted and powdered)	1 tbsp
Red chilli powder	1 tbsp
Ginger (finely cut)	2 tbsp
Salt	to taste
Oil	1 cup

Method:

- Marinate chicken with tamarind, ketchup, pepper, red chillies, garlic and salt and keep aside for ½ hour.
- Heat oil in a wok and fry curry leaves, red chillies and fenugreek.
- Add chicken and fry till colour changes; cook with lid on for 5 minutes.
- Add remaining ingredients and leave on dum.

املی کے رس والی مرغی

اجزاء:

مرغی کی بوٹیاں (بغیر ہڈی)	½ کلو
لیموں	ایک عدد
ٹماٹر (باریک کٹے ہوئے)	2 عدد
ہری مرچیں (باریک کٹی ہوئی)	4 عدد
سوکھی گول لال مرچیں	8 عدد
میتھی دانے	چند عدد
کڑھی پتے	چند عدد
لہسن (بغیر چھلے ہوئے)	4 جوے
ہرا دھنیا (باریک کٹا ہوا)	½ گڈی
ٹماٹو کیچپ	½ پیالی
املی کا گودا	½ پیالی
کٹی ہوئی کالی مرچ	ایک چائے کا چمچہ
بھنا اور پسا ہوا سفید زیرہ	ایک کھانے کا چمچہ
پسی ہوئی لال مرچ	ایک کھانے کا چمچہ
ادرک (باریک کٹی ہوئی)	2 کھانے کے چمچے
نمک	حسب ذائقہ
تیل	ایک پیالی

ترکیب:

مرغی میں املی، کیچپ، کالی مرچ، لال مرچ، لہسن اور نمک ملا کر ½ گھنٹے کے لئے رکھ دیں۔ کڑاہی میں تیل گرم کرکے کڑھی پتے، لال مرچیں اور میتھی دانے بھونیں، اس میں مرغی شامل کرکے رنگ تبدیل ہونے تک بھونیں، پھر ڈھکن ڈھانک کر 5 منٹ تک پکائیں۔ اس میں باقی اجزاء ڈال کر دم پر رکھ دیں۔

Gallawat Mince

Ingredients:

Beef mince (finely ground)	1 kg
Lemons	4
Green chillies (finely cut)	4
Green cardamoms	8
Mint leaves (finely cut)	1 bunch
Hot spices powder	1 tsp
Red chilli powder	1 tbsp
Ginger paste	1 tbsp
Poppy seeds	1 tbsp
Cumin seeds	½ tbsp
Behari masala (packaged)	3 tbsp
Raw papaya paste	3 tbsp
Oil	1 cup
Lemon, mint leaves, green chillies (finely cut)	for garnishing

Method:

- Lightly roast cumin, cardamoms and poppy seeds on an iron griddle; powder together.
- Mix all ingredients except oil in a bowl and keep aside for a little while.
- Lightly heat oil in a pot; add bowl ingredients and cook till dry.
- Leave on dum; if desired smoke the dish.
- Garnish with lemon, mint leaves and green chillies and serve.

گلاوٹ کا قیمہ

اجزاء:

گائے کا قیمہ (مشین کا پسا ہوا)	ایک کلو
لیموں	4 عدد
ہری مرچیں (باریک کٹی ہوئی)	4 عدد
چھوٹی الائچیاں	8 عدد
پودینہ (باریک کٹا ہوا)	ایک گڈی
پسا ہوا گرم مصالحہ	ایک چائے کا چمچ
پسی ہوئی لال مرچ	ایک کھانے کا چمچ
پسی ہوئی ادرک	ایک کھانے کا چمچ
خشخاش	ایک کھانے کا چمچ
ثابت سفید زیرہ	½ کھانے کا چمچ
پیکٹ والا بہاری مصالحہ	3 کھانے کے چمچے
پسا ہوا کچا پپیتا	3 کھانے کے چمچے
تیل	ایک پیالی
لیموں، پودینہ، ہری مرچیں (باریک کٹی ہوئی)	سجانے کے لئے

ترکیب:

زیرہ، الائچیاں اور خشخاش توے پر ہلکا سا بھون کر پیس لیں۔ ایک پیالے میں علاوہ تیل باقی تمام اجزاء ملا کر تھوڑی دیر کے لئے رکھ دیں۔ دیگچی میں تیل ہلکا سا گرم کریں اور پیالے کا آمیزہ شامل کرکے پانی خشک ہونے تک پکائیں۔ اسے دَم پر رکھ دیں، چاہیں تو کوئلے کا دھواں دے دیں۔ مزیدار قیمہ لیموں، پودینے اور ہری مرچوں سے سجا کر پیش کریں۔

گرلڈ پیپری بیف چاؤمن

Grilled Peppery Beef Chow Mein

Ingredients:

Undercut (finely cut)	½ kg
Noodles (boiled)	2 cups
Carrot (finely cut)	1
Onion (finely cut)	1
Capsicums (finely cut)	2
Green chillies (finely cut lengthwise)	4
Garlic (finely cut)	4 cloves
Tomato ketchup	½ cup
Chilli garlic sauce	½ cup
Sesame oil	1 tsp
Red chillies (crushed)	1 tbsp
Ginger/ garlic paste	1 tbsp
Soya sauce	2 tbsp
White vinegar	2 tbsp
Salt	to taste
Oil	3 tbsp

Method:

- Marinate undercut with garlic/ginger, black pepper and salt and keep aside for ½ hr.
- Heat 1 tbsp oil in a frying pan; fry carrot, capsicums, onion and green chillies.
- Heat 1 tbsp oil in a wok and fry garlic golden; add chilli garlic sauce, soya sauce, vinegar and ketchup and sauté; add vegetables and sesame oil.
- Brush oil on a frying pan and grill undercut from both sides.
- Spread noodles on a serving dish; place undercut on top; pour sauce over it and serve.

اجزاء:

انڈر کٹ (باریک کٹا ہوا)	½ کلو
نوڈلز (اُبلے ہوئے)	2 پیالی
گاجر (باریک کٹی ہوئی)	ایک عدد
پیاز (باریک کٹی ہوئی)	ایک عدد
شملہ مرچیں (باریک کٹی ہوئی)	2 عدد
ہری مرچیں (لمبائی میں باریک کٹی ہوئی)	4 عدد
لہسن (باریک کٹے ہوئے)	4 جوے
ٹماٹو کیچپ	½ پیالی
چلی گارلک ساس	½ پیالی
تل کا تیل	ایک چائے کا چمچہ
کٹی ہوئی لال مرچ	ایک کھانے کا چمچہ
پسا ہوا لہسن ادرک	ایک کھانے کا چمچہ
سویا ساس	2 کھانے کے چمچے
سفید سرکہ	2 کھانے کے چمچے
نمک	حسب ذائقہ
تیل	3 کھانے کے چمچے

ترکیب:

انڈر کٹ پر لہسن ادرک' کالی مرچ اور نمک ملا کر ½ گھنٹے کے لئے رکھ دیں۔ فرائنگ پین میں ایک کھانے کا چمچہ تیل گرم کر کے گاجر، شملہ مرچ' پیاز اور ہری مرچیں بھون لیں۔ کڑاہی میں ایک کھانے کا چمچہ تیل گرم کر کے لہسن سنہری کریں' اس میں چلی گارلک ساس' سویا ساس' سرکہ اور کیچپ ہلکا سا بھونیں' پھر سبزیاں اور تل کا تیل شامل کر دیں۔ فرائنگ پین کو چکنا کر کے انڈر کٹ کو اُلٹ پلٹ کر کے سینک لیں۔ سرونگ ڈش میں نوڈلز بچھائیں' اس پر انڈر کٹ رکھیں اور ساس ڈال کر پیش کریں۔

Stew Biryani

Ingredients:

Chicken pieces	1 kg
Rice (soaked)	2 cups
Yogurt	½ cup
Dried, round red chillies	8
Ginger (finely cut)	2 tbsp
Garlic (chopped)	8 cloves
Fennel seeds	1 tsp
Coriander seeds	1 tbsp
Green chillies (finely cut)	6
Lemons	4
Tomatoes (chopped)	3
Onions (chopped)	3
Mint leaves	½ bunch
Black peppercorns	8
Black cumin seeds	1 tsp
Salt	to taste
Oil	1 cup

Method:

- Blend fennel seeds and coriander seeds in a blender. Heat oil in a pot and fry onions; remove ½.
- Add chicken and salt and cook till dry; add yogurt, tomatoes, red chillies, fennel and coriander, ginger and garlic; fry.
- Add green chillies and lemon juice and leave on dum.
- Par-boil rice with ½ mint leaves, pepper, cumin and salt; strain and keep aside.
- Brush oil on the base of a pot; layer with ½ rice, chicken and remaining rice.
- Pour lemon juice on top and keep on dum.
- Dish out Biryani; sprinkle remaining onions and mint leaves on top and serve.

اسٹو بریانی

اجزاء:

مرغی کی بوٹیاں	ایک کلو	لیموں	4عدد
چاول (بھیگے ہوئے)	2پیالی	ٹماٹر (چوپ کیے ہوئے)	3عدد
دہی	½ پیالی	پیاز (چوپ کی ہوئی)	3 عدد
سوکھی گول لال مرچیں	8عدد	پودینہ	½ گڈی
ادرک (باریک کٹی ہوئی)	2 کھانے کے چمچے	ثابت کالی مرچیں	8عدد
لہسن (چوپ کیے ہوئے)	8جوے	کالا زیرہ	ایک چائے کا چمچہ
سونف	ایک چائے کا چمچہ	نمک	حسب ذائقہ
ثابت دھنیا	ایک کھانے کا چمچہ	تیل	ایک پیالی
ہری مرچیں (باریک کٹی ہوئی)	6عدد		

ترکیب:

بلینڈر میں سونف اور دھنیا ملا کر پیس لیں۔ دیگچی میں تیل گرم کریں اور پیاز تل کر ½ نکال لیں۔ اس میں مرغی اور نمک ملا کر پانی خشک ہونے تک پکائیں۔ اس میں دہی، ٹماٹر، لال مرچیں، سونف اور دھنیا، ادرک اور لہسن ملا کر بھونیں، پھر ہری مرچیں اور لیموں کا رس ملا کر دم پر رکھ دیں۔ چاولوں میں ½ پودینہ، کالی مرچ، کالا زیرہ اور نمک ملا کر دو کنی اُبالیں اور پانی چھان کر رکھ لیں۔ ایک دیگچی کی تہہ کو چکنا کر کے ½ چاول، مرغی اور باقی چاول کی تہہ لگائیں۔ اس پر لیموں کا رس ڈال کر دم پر رکھ دیں۔ بریانی ڈش میں نکالیں، اس پر باقی پیاز اور باقی پودینہ چھڑک کر پیش کریں۔

www.paksociety.com

Bonjan Salad

Ingredients:

Eggplants (round)	½ kg
Tomato sauce	½ cup
Red chilli powder	1 tbsp
Green chillies	4
Cinnamon (crushed)	½ tsp
Mint leaves (chopped)	¼ bunch
Salt	to taste
Oil	for frying
Lettuce leaves	for decoration
Fresh coriander (finely cut), lemon wedges	for garnishing

Method:

- Cut eggplant into rounds; heat oil in a frying pan and fry eggplant golden from both sides; remove.
- Add remaining ingredients in the same frying pan and cook for few minutes; add eggplant and cook for 10 minutes.
- Decorate serving dish with lettuce and place eggplant on top; garnish with lemon and coriander and serve.

بونجان سلاد

اجزاء:

بینگن (گول والے)	½ کلو
ٹماٹو ساس	½ پیالی
پسی ہوئی لال مرچ	ایک کھانے کا چمچہ
ہری مرچیں	4 عدد
کٹی ہوئی دار چینی	¼ چائے کا چمچہ
پودینہ (چوپ کیا ہوا)	½ گڈی
نمک	حسب ذائقہ
تیل	تلنے کے لئے
ہرا دھنیا (باریک کٹا ہوا)، سلاد پتے، لیموں کے ٹکڑے	سجانے کے لئے

ترکیب:

بینگن کے قتلے کاٹ لیں۔ فرائنگ پین میں تیل گرم کریں اور بینگن کے قتلے دونوں جانب سے سنہری تل کر نکال لیں۔ اسی فرائنگ پین میں باقی اجزاء ملا کر چند منٹ پکائیں، پھر بینگن ڈال کر 10 منٹ تک پکالیں۔ سرونگ ڈش میں سلاد پتے سجائیں، اس پر بینگن نکالیں۔ اس پر لیموں رکھیں اور ہرا دھنیا چھڑک دیں۔

Fried Drumsticks

Ingredients:

Drumsticks	1 kg
Garlic paste	2 tbsp
Red chilli paste	2 tbsp
Turmeric powder	1 tbsp
Black peppercorns (crushed)	1 tsp
Cumin powder	1 tsp
Hot spices powder	½ tsp
Lemon juice	2 tbsp
Refined flour	3 tbsp
Salt	to taste
Oil	for frying
Tomato ketchup	as accompaniment
Lemons (cut into round)	for garnishing
Lettuce (cut)	for decoration

Method:

- Marinate drumsticks with garlic, chilli paste, turmeric, pepper, cumin, hot spices, lemon juice, flour and salt; keep aside for a little while.
- Heat oil in a wok and fry drumsticks golden one by one and remove.
- Decorate serving dish with lettuce and place drumsticks on top; garnish with lemon slices and serve accompanied by tomato ketchup.

فرائیڈ ڈرم اسٹکس

اجزاء:

ڈرم اسٹکس	ایک کلو
پسا ہوا لہسن	2 کھانے کے چمچے
لال مرچوں کا پیسٹ	2 کھانے کے چمچے
پسی ہوئی ہلدی	ایک کھانے کا چمچہ
کٹی ہوئی کالی مرچ	ایک چائے کا چمچہ
پسا ہوا سفید زیرہ	ایک چائے کا چمچہ
پسا ہوا گرم مصالحہ	½ چائے کا چمچہ
لیموں کا رس	2 کھانے کے چمچے
میدہ	3 کھانے کے چمچے
نمک	حسب ذائقہ
تیل	تلنے کے لئے
ٹماٹو کیچپ	ہمراہ پیش کرنے کے لئے
لیموں، سلاد پتے (کٹے ہوئے)	سجانے کے لئے

ترکیب:

پیالے میں ڈرم اسٹکس، لہسن، لال مرچوں کا پیسٹ، ہلدی، کالی مرچ، زیرہ، گرم مصالحہ، لیموں کا رس، میدہ اور نمک ملا کر تھوڑی دیر کے لئے رکھ دیں۔ کڑاہی میں تیل گرم کریں، اس میں ایک ایک کرکے ڈرم اسٹکس شامل کریں اور سنہری تل کر نکال لیں۔ سرونگ ڈش میں سلاد پتے بچھائیں، اس پر ڈرم اسٹکس رکھیں، اُن پر لیموں سجائیں اور ٹماٹو کیچپ کے ہمراہ پیش کریں۔

Red Beef

Ingredients:

Undercut (1 chunk)	½ kg
Star anise	3
Cinnamon	3 sticks
Soya sauce	½ cup
White pepper powder	½ tsp
Red food colour	1 pinch
Water	2 cups
Chinese salt	½ tsp
Oil	½ cup
Chilli garlic sauce, lemon and carrot (finely cut)	for decoration

Method:

- Cook all ingredients except oil in a pot till beef is tender.
- Dish out; heat oil in a frying pan and pour on top of undercut.
- Cut into thin pieces and place in a serving dish; sprinkle chilli garlic sauce on top and garnish with lemon and carrot.

ریڈ بیف

اجزاء:

انڈر کٹ کا ایک ٹکڑا	½ کلو
بادیان کے پھول	3 عدد
دار چینی	3 ٹکڑے
سویا ساس	½ پیالی
پسی ہوئی سفید مرچ	½ چائے کا چمچہ
کھانے کا لال رنگ	ایک چٹکی
پانی	2 پیالی
چائنیز نمک	½ چائے کا چمچہ
تیل	½ پیالی
چلی گارلک ساس، لیموں اور گاجر (باریک کٹی ہوئی)	سجانے کے لئے

ترکیب:

دیگچی میں علاوہ تیل باقی اجزاء ملا کر گوشت گلنے تک پکائیں۔ اسے ڈش میں نکالیں، فرائنگ میں تیل گرم کریں اور انڈر کٹ پر ڈال دیں۔ اس کے پتلے پتلے ٹکڑے کاٹ کر سرونگ ڈش رکھ کر ان پر چلی گارلک ساس ڈالیں اور لیموں اور گاجر سے سجادیں۔

